DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

# نیشنل انڈر19 تین روزہ ٹورنامنٹ کے فائنل کا پہلا روز مکمل

**راولپنڈی،28نومبر2020ء:**

نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کا فائنل کے آر ایل گراونڈراولپنڈی میں سندھ اور ناردرن کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جا رہاہے۔ سندھ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیااور 83اوورز میں چھ وکٹوں کے نقصان پر461رنزبنالیے ہیں۔کپتان صائم ایوب اور غازی غوری نے سنچریاں اسکور کیں صائم ایوب نے142 گیندوں پر بارہ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 108رنزبنائے غازی غوری نے89 گیندوں پر100 رنزناقابل شکست بنائے۔عدیل میو64کاشف علی66اور مبشرنواز 41 رنزکے ساتھ نمایاں رہے محمد عمر13رنزکے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔

ناردرن کی جانب سے زمان خان نے تین اور مہران ممتاز نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

ENDS –

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk